فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/2

***گورنر KATHY HOCHUL***

# ***گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک بھر میں رہائشی تفریق سے نمٹنے کے لیے توسیع کی کوششوں کا اعلان***

## ***فیئر ہاؤسنگ ٹیسٹنگ پروگرام میں سرمایہ کاری سے رہائشی تفریق کی تحقیقات میں اضافہ ہو گا اور تعلیم اور مناسب رہائش کے حقوق سے متعلق تعلیم اور رسائی کی کوششیں بہتر ہوں گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج گھر کے کرایے اور فروخت کے لین دین میں امتیازی سلوک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے ڈیزائن کردہ نیو یارک کے فیئر ہاؤسنگ ٹیسٹنگ پروگرام میں $2.2 ملین کی توسیع کا اعلان کیا ہے۔ ریاست نیو یارک نے ریاست بھر میں چھ بلامنافع کام کرنے والی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کی ہے تاکہ ممکنہ کرایہ داروں اور گھر کے متلاشیوں کی حیثیت سے کام کرنے کے لیے خفیہ جانچ کاروں کو تعینات کیا جا سکے۔ اس توسیع سے رہائش کی مشتبہ تفریق کی فعال تحقیقات میں اضافہ ہو گا اور مناسب رہائش کے حقوق کے بارے میں تعلیم اور رسائی کی کوششوں میں بہتری آئے گی، بشمول جرائم پیشہ افراد کی تاریخ رکھنے والے افراد کے لیے بھی۔

**گورنر ہوچول نے کہا،** "جب ہم ریاست نیو یارک بھر میں رہائش تک رسائی کو بڑھاتے ہیں، تو میں رہائش میں تفریق کا مقابلہ کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنی صوابدید پر تمام وسائل کو بروئے کار لا رہی ہوں کہ نیو یارک کے تمام مکینوں ساتھ ان کی پسند کی رہائش کے حصول کے لیے وقار، انصاف اور احترام کے ساتھ پیش آیا جائے۔ اس اہم پروگرام میں ہماری سرمایہ کاری ایک واضح پیغام دیتی ہے: یہاں نیو یارک میں رہائشی تفریق برداشت نہیں کی جائے گی"۔

فیئر ہاؤسنگ ٹیسٹنگ پروگرام ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے منصفانہ اور مساوی ہاؤسنگ آفس کے زیرِ انتظام ہے اور سنہ 2021 میں دفتر کی جانب سے قائم کردہ ابتدائی ٹیسٹنگ پروگرام میں توسیع کرتا ہے۔ یہ پروگرام نیو یارک کے جانچ اور رابطہ پروگرام رہائش کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کو بھی تسلسل فراہم کرتا ہے جو نیو یارک کے اٹارنی جنرل دفتر کی جانب سے انٹرپرائز علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مل کر شروع کیا گیا ہے۔

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (HCR) نے چھ تنظیموں کے ساتھ معاہدوں کو حتمی شکل دے دی ہے جس میں ناساؤ اور سافک، ویسٹ چیسٹر، البانی اور سکینیکٹیڈی کاؤنٹیوں نیز نیو یارک سٹی کی پانچ بورو سمیت 48 کاؤنٹیوں میں ٹیسٹنگ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ فیئر ہاؤسنگ ٹیسٹنگ اور آؤٹ ریچ کے شراکت دار یہ ہیں: سی این وائی فیئر ہاؤسنگ، فیئر ہاؤسنگ جسٹس سینٹر ، ہاؤسنگ اپرچونیٹیز میڈ ایکول (Housing Opportunities Made Equal)، لیگل اسسٹنس آف ویسٹرن نیو یارک، لانگ آئی لینڈ ہاؤسنگ سروسز، اور ویسٹ چیسٹر ریزیڈنشل اپرچونیٹیز۔ یہ بلامنافع کام کرنے والی ہاؤسنگ ایجنسیاں فروخت کنندگان، بروکرز اور مکان مالکان کی جانب سے غیر قانونی تفریق کے سلوک کو ننگا کرنے کے لیے ممکنہ کرایہ داروں یا گھر کے متلاشیوں کی حیثیت سے کام کرنے کے لیے تربیت یافتہ منصفانہ ہاؤسنگ "جانچ کار" بھیجیں گی۔

اس پروگرام کی رسائی اور تربیت میں منصفانہ رہائشی حفاظتوں پر توجہ دی جائے گی جن میں ماضی میں گرفتار ہونے والوں اور سزا یافتہ افراد کے لیے بھی شامل ہے۔ اس رسائی میں اشتہارات اور سوشل میڈیا پر پیغام رسانی، تربیتی پروگرام، اور پیشہ ورانہ تعلیم کی کلاسیں شامل ہیں۔

**ریاست نیو یارک کی گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "رہائش ایک لازمی انسانی حق ہے اور ہمیں اپنے اختیار میں ہر ذریعے کا استعمال جاری رکھنا چاہئے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کے تمام مکینوں کو اپنی پسند کے علاقوں میں رہنے کا منصفانہ اور مساوی موقع ملے۔ ہمارے فیئر ہاؤسنگ ٹیسٹنگ پروگرام میں گورنر Hochul کے نیو یارک ہاؤسنگ معاہدے کی تکمیل ہوتی ہے، جو رہائش تک رسائی، خارج رکھنے والی علاقہ بندی اور دیگر رکاوٹوں میں تفاوتوں کو فعال طور پر حل کرے گا جو مناسب رہائش کے اہداف میں رکاوٹ ہیں، اور سب کے لیے ایک بہتر اور زیادہ مساوی نیو یارک بنانے میں ہماری مدد کرے گا۔"

فیئر ہاؤسنگ کے بارے میں مزید معلومات HCR کی ویب سائٹ https://hcr.ny.gov/feho پر مل سکتی ہیں۔

**ویسٹ چیسٹر کے رہائشی مواقع کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر، Marlene Zarfes نے کہا،** "یہ کام لوئر ہڈسن ویلی میں رہائشی منڈی میں یہ یقینی بنانے کے لیے بہت ضروری ہے جہاں ہر گھر کو جلد کے رنگ، نسل، ذریعۂ آمدن، معذوری، یا دیگر کسی محفوظ درجے سے قطع نظر اس میں حصہ لینے کا مساوی موقع ملتا ہے"۔

**فیئر ہاؤسنگ جسٹس سینٹر کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر، Elizabeth Grossman نے کہا،** "فیئر ہاؤسنگ جسٹس سینٹر HCR کی جانب سے اس حمایت کے لیے بے حد شکرگزار ہے اور ہم نئی جانچ اور رسائی کی سرگرمیوں پر کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔ منصفانہ رہائش کی تنظیموں کے لیے امتیازی سلوک کے خلاف جنگ میں استعمال کرنے کے لیے جانچ ایک اہم ذریعہ رہی ہے، اور ہم نیو یارک شہر کے پورے علاقے میں مضبوط تحقیقات کرنے کے منتظر ہیں۔ آؤٹ ریچ فنڈنگ ہمارے لیے مناسب رہائش کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کا ایک بہتر موقع فراہم کرے گی، خصوصاً ریاست نیو یارک میں آمدنی کی وجہ سے امتیازی سلوک کا مقابلہ کرنے کے لیے، اور کرایہ داروں، گھروں کے متلاشیوں اور رہائش فراہم کرنے والوں کو تربیت فراہم کرنے کے لیے جو مضبوط تحفظات پیش کیے ہیں۔ HCR کی حمایت کی بدولت، ہمارے خدمت کے علاقے میں لوگ جان لیں گے کہ وہ مدد کے لیے ہمارے پاس آ سکتے ہیں، اور یہ کہ ہمارے پروگراموں سے ان کو وہ مدد مل جائے گی جس کی انہیں ضرورت ہے"۔

**لانگ آئی لینڈ ہاؤسنگ سروسز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Ian Wilder نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ ہاؤسنگ سروسز منصفانہ رہائش کے بہت زیادہ درکار کام میں ہاتھ بٹانے پر ریاست نیو یارک کی شکر گزار ہیں۔ یہ فنڈنگ ہمیں ریاست نیو یارک کے قانون کے تحت فراہم کردہ انتہائی ضروری حفاظتوں کو نافذ کرنے میں مدد کرنے کے قابل بناتی ہے۔ اس سے بھی زیادہ، یہ لانگ آئی لینڈ کے مکینوں کو ایک گھر میں منتقل ہونے کے قابل بناتے ہیں جس کے لئے ہم سب کوشش کرتے ہیں جہاں ہمارے ہمسائے جہاں بھی امتیازی سلوک سے آزاد ہوں وہاں رہنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ رف رہائشی امتیاز پر قابو پا کر ہی ہم لانگ آئی لینڈ کے مکینوں کو اپنی زندگی بہترین گزارنے کے لیے آزاد کر سکتے ہیں"۔

**ہاؤسنگ اپرچونیٹیز میڈ ایکول کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر DeAnna Eason نے کہا،** "رہائش میں امتیازی سلوک کے خاتمے اور منصفانہ رہائش کے سلسلے میں تعلیم اور رابطہ لازمی ہیں۔ ہاؤسنگ اپرچونیٹیز میڈ ایکول (HOME) رہائش میں تفریق کا مقابلہ کرنے میں NYSHCR کی حمایت، اور ہمارے علاقوں میں تنوع اور مساوات کے فروغ کو سراہتا ہے"۔

**سی این وائی فیئر ہاؤسنگ کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر، Sally Santangelo نے کہا،** "سی این وائی فیئر ہاؤسنگ سیراکیوز کے علاقے میں رہائش میں رکاوٹوں سے لڑنے کی ایک طویل تاریخ رکھتی ہے۔ اس فنڈنگ کے ساتھ، ہم اپنے علاقے اور اس سے آگے تک زیادہ منصفانہ رہائش کی جانچ اور رسائی حاصل کر سکیں گے۔ ہم رہائش میں امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے محکمے کے ساتھ شراکت جاری رکھنے کے منتظر ہیں"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418